بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ

مختصر اور جامع تفسیری نکات

# خلاصہ قرآن

# Summary of Qur'an

## Part - 27

## English - Urdu


حافظ محمد ابو بکر سجاد علوی (خطیب لندن)

*Telephone: +44 7853099327*

www.hafizsajjad.com


---

# پارہ - 27

## اہم تفسیری نکات

ابراھیمؑ کی فرشتوں کی میزبانی کا تذکرہ

هل اتاک حديث ضيف ابراهيم المكرمين۔ (الذّٰريٰت۔24)

## Hospitality of Abraham to the Divine Guests (Angles)

**Has the story of Abraham's honoured guests reached you ˹O Prophet˺?**

### مہمان اور میزبان؟

یہ واقعہ سورۃ ہود اور سورۃ حجر میں بھی گذر چکا ہے۔ یہ مہمان فرشتے تھے جو بہ شکل انسان آئے تھے جنہیں اللہ نے عزت و شرافت دے رکھی ہے۔

مہمان نوازی اسلامی تہذیب و ثقافت کا شعار ہے۔ حضرت امام احمد بن حنبل کہتے ہیں ہے کہ مہمان کی ضیافت کرنا واجب ہے۔

حدیث: من كان يومن بالله واليوم الآخر فليكرم ضيفه ۔

جو کوئی اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ اپنے مہمان کی خاطر تواضع کرے۔

### قرآن میں مسلم اور مومن کی اصطلاحات

فَمَا وَجَدْنَا فِيهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ۔

اور ہم نے وہاں مسلمانوں کا صرف ایک ہی گھر پایا۔ (ذاریات۔36)

**But We only found one family that had submitted ˹to Allah˺.**

### مسلم اور مومن میں کیا فرق ہے؟

اسلام کے معنی ہیں اطاعت، انقیاد۔ اللہ کے حکموں پر سر اطاعت خم کر دینے والا مسلم ہے۔

مومن ایمان کے حامل شخص کو کہتے ہیں۔ ایماندار آدمی مومن کہلاتا ہے۔ اس اعتبار سے ہر مومن مسلمان ہے۔ قرآن میں ایمان کے حامل لوگوں کیلئے کے لیے مومن کا لفظ استعمال کیا گیا، اور پھر ان ہی کے لیے مسلم کا لفظ بھی بولا گیا۔

اس سے استدلال کیا گیا ہے کہ ان دونوں اصطلاحات کے مصداق میں کوئی فرق نہیں ہے۔

قرآن نے جہاں کہیں مومن اور مسلم کا لفظ الگ الگ استعمال کیا ہے۔تو وہ ان معانی کے اعتبار سے ہے جو عربی لغت کی رو سے ان کے درمیان ہے نہ کہ شرعی اعتبار سے۔

حدیث جبرائیل علیہ السلام میں ایمان اور اسلام کی تعریف ملتی ہے۔جب نبی ﷺ سے پوچھا گیا کہ :

ماالاسلام؟ اسلام کیا ہے؟

توآپؐ نے فرمایا:لاالٰہ الااللّٰہ کی شہادت،اقامت صلوۃ،ایتائے زکوۃ،حج اور صیام رمضان۔

اور جب ایمان کی بابت پوچھا گیا:

ماالایمان؟ ایمان کیا ہے؟

توآپؐ نے فرمایا،اللّٰہ پر ایمان لانا،اس کے ملائکہ،کتابوں،رسولوں اور تقدیر(خیر وشر کے من جانب اللّٰہ ہونے)پر ایمان رکھنا،یعنی دل سے ان چیزوں پر یقین رکھنا ایمان اور احکام وفرائض کی ادائیگی اسلام ہے۔

اس لحاظ سے ہر مومن مسلمان اور ہر مسلمان مومن ہے۔ (فتح القدیر)

## توحید کے مزید دلائل

## تخلیق کائنات

### کائنات پھیل رہی ہے

وَ السَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ۔

اور آسمانی کائنات کو ہم نے بڑی قوت کے ذریعہ سے بنایا اور یقیناً ہم(اس کائنات کو)وسعت دیتے جارہے ہیں یعنی پھیلا رہے ہیں۔(ذاریات۔47)

### Expanding Universe

We built the universe with ˹great˺ might, and We are certainly expanding ˹it˺.

## اختلاف اور ضد سے اشیاء کی پہچان

وَمِنْ كُلِّ شَىْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ

**And We created pairs of all things so perhaps you would be mindful.**

عربی کا ایک محاورہ ہے کہ: وبضدہا تتبین الاشیاء۔ چیزوں کے مد مقابل اور اختلاف سے ان کی پہچان ہوتی ہے۔

یعنی ہر چیز کو جوڑا جوڑا، نر اور مادہ یا اس کی مقابل اور ضد کو بھی پیدا کیا ہے۔ جیسے روشنی اور اندھیرا، صحت اور بیماری، خشکی اور تری، چاند اور سورج، میٹھا اور کڑوا، رات اور دن خیر اور شر زندگی اور موت، شقاوت اور سعادت جنت اور دوزخ، جن وانس وغیرہ حتی کہ حیوانات کے مقابل جمادات، یعنی آخرت، دنیا کے بالمقابل دوسری زندگی۔

## اللہ کی طرف رجوع کرو۔ ففرّوا الی اللہ

فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۚ

پس تم اللہ کی طرف دوڑو (یعنی رجوع الی اللہ) کرو یقیناً میں تمہیں اس کی طرف سے صاف صاف تنبیہ کرنے والا ہوں۔

(ذاریات۔50)

## Returning towards Allah in repentance

**So ˹proclaim, O Prophet˺: "Flee to Allah! I am truly sent by Him with a clear warning to you.**

فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ: یعنی دوڑو اللہ کی طرف۔

حضرت ابن عباس نے فرمایا مراد یہ ہے کہ اپنے گناہوں سے بھاگو اللہ کی طرف توبہ کے ذریعے۔ ابو بکر دراق او جنید بغدادی نے فرمایا کہ نفس و شیطان معاصی کی طرف دعوت دینے والے ہیں اور بہکانے والے ہیں، تم ان سے بھاگ کر اللہ کی طرف پناہ لو تو وہ تمہیں ان کے شر سے بچا لیں گے۔ (قرطبیؒ)

## دعوت و تبلیغ میں صبر وضبط کی اہمیت

## نصیحت کرتے رہیں۔ سمجھاتے رہیں

وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

البتہ نصیحت کرتے رہیں۔ بے شک، نصیحت ایمان لانے والوں کے لیے فائدہ مند ہے۔(ذاریات۔55)

**But ˹continue to˺ remind. For certainly reminders benefit those who have faith.**

## مقصد تخلیق۔ بندگی رب

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ۔

میں نے جنات اور انسانوں کو محض اس لئے پیدا کیا ہے کہ وہ صرف میری عبادت کریں۔(ذاریات۔56)

**I did not create jinn and humans except to worship Me.**

## اصل رازق ہستی اللہ تعالٰی

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ۔

بے شک اللہ ہی رازق (حقیقی طور پر روزی دینے والا)، زبردست طاقت والا ہے۔(ذاریات۔58)

**Indeed, Allah ˹alone˺ is the Supreme Provider—Lord of all Power, Ever Mighty.**

رازق، صانع، موجد، مُعطی اور ایسی ہی دوسری بہت سی صفات ہیں، جو اصل میں تو اللہ تعالٰی ہی کی صفات ہیں، مگر مجازاً بندوں کی طرف بھی منسوب ہو جاتی ہیں۔ مثلاً ہم ایک شخص کے متعلق کہتے ہیں کہ اس نے فلاں شخص کے روزگار کا بندوبست کر دیا، یا اس نے یہ عطیہ دیا، اس نے فلاں چیز بنائی یا ایجاد کی۔ اسی لحاظ سے اللہ تعالٰی نے اپنے لیے خیر الرازقین کا لفظ استعمال فرمایا ہے۔ یعنی جن جن کے تم گمان رکھتے ہو کہ وہ روزی دینے والے ہیں، اُن سب سے بہتر روزی دینے والا اللہ ہے۔

رزق کی کمی و بیشی، اللہ کی مشیت سے تعلق رکھتی ہے نہ کہ اس کی رضا سے۔ مشیتِ الٰہی کے تحت اچھے اور بُرے، ہر طرح کے انسانوں کو رزق مل رہا ہے۔ خدا کا اقرار کرنے والے بھی رزق پا رہے ہیں اور اس کا انکار کرنے والے بھی۔ نہ رزق کی فراوانی اس بات کی دلیل ہے کہ آدمی خدا کا پسندیدہ بندہ ہے، اور نہ اس کی تنگی اس امر کی علامت ہے کہ آدمی اُس کا مغضوب ہے۔

# سورۃ الطّور

## Chapter- 52: at-Tur (The Mount)

### The Mount, where Allah spoke to Prophet Musa (pbuh)

طور وہ پہاڑ ہے جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اللہ ہم کلام ہوئے۔اسے طور سینا بھی کہا جاتا ہے۔اللہ نے اس کے اس شرف کی بناپر اس کی قسم کھائی۔

موضوع۔عقیدہ آخرت، فکر آخرت، متقین کاٹھکانہ، منکرین حق کے رویّوں پر تنقید

حضور ﷺ نماز مغرب میں تلاوت

سورۃ طور کی تلاوت اور حضرت عمرؓ کا فکر آخرت

طور جنّت کا پہاڑ۔ موسیٰؑ سے اللہ کی ہمکلامی،

بیت معمور۔ آسمانی کعبہ

وَالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِۙ

اور (فرشتوں سے) آباد گھر (یعنی آسمانی کعبہ) کی قَسم

**Sanctuary in Heaven**

**And by the ˹Sacred˺ House frequently visited!**

**This is either a sanctuary in Heaven, a dedicated place of worship for angles at the 7th Heaven.**

**Or the Sacred House in Mecca, which is frequented by pilgrims,**

حدیث: بیت معمور میں بیک وقت سٹّر ہزار فرشتے طواف کرتے ہیں اور جو ایک دفعہ طواف کرتے ہیں انہیں دوبارہ طواف کا موقع نہیں ملتا۔

### بیت معمور سے کیا مراد ہے؟

بیت معمور: لفظی مطلب آباد گھر۔ ساتویں آسمان پر وہ عبادت خانہ ہے جس میں فرشتے عبادت کرتے ہیں، یہ عبادت خانہ فرشتوں سے اس طرح بھرا ہوتا ہے کہ روزانہ اس میں ستر ہزار فرشتے عبادت کے لئے آتے ہیں جن کی پھر دوبارہ قیامت تک باری نہیں آتی۔ جیسا کہ احادیث معراج میں بیان کیا گیا۔

بعض بیت معمور سے زمین پر موجود خانہ کعبہ ہی مراد لیتے ہیں۔

وسبّح بحمد ربّک حین تقوم

جب اٹھو (نیند سے، مجلس سے) تو اللہ کی حمد وثنا بیان کرو۔ (طور۔48)

### Glorification after Awakening

**And glorify the praises of your Lord when you rise.**

اس آیت میں کھڑے ہونے سے کونسا کھڑا ہونا مراد ہے؟ بعض کہتے ہیں جب نماز کے لئے کھڑے ہوں جیسے آغاز نماز میں سُبحٰنکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ پڑھی جاتی ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ جب کسی مجلس کے اختتام میں کھڑے ہوں جیسے حدیث میں آتا ہے جو شخص کسی مجلس سے اٹھتے وقت یہ دعا پڑھ لے تو یہ اسکی مجلس کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔

### اختتام مجلس کی دعا:

سبحٰنک اللھمّ اشھد ان لّا الٰہ الّا انت استغفرک واتوب الیک۔

### Dua at the end of meeting:

**Glory is to You, O Allah, and praise is to You. I bear witness that there is none worthy of worship but You. I seek Your forgiveness and repent to You.**

# سورۃ النجم

# Chapter- 53: The Star

سب سے پہلی نازل ہونے والی آیت سجدہ

احتماعی سجدہ کا واقعہ

سجدہ کی اہمیّت:

واسجد واقترب۔ سجدہ کرو اور اپنے رب کے قریب ہو جاؤ۔

حدیث: بندہ اپنے رب کے سب سے قریب اس وقت ہوتا ہے جب وہ سجدہ کر رہا ہوتا ہے۔

سجدہ میں دعا:

فرض یا سنّت نماز میں صرف تسبیحات

نفل نماز، قرآن و حدیث کی دعائیں۔

بغیر نماز سجدہ: اپنی زبان میں دعا کر سکتے ہیں

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰىۚ

کہ تمہارے ساتھی نے نہ راہ گم کی ہے اور نہ ٹیڑھی راہ پر ہے۔(نجم۔2)

**Your companion (Muhamad) is on the right path**

Your fellow man (Muhamad) is neither misguided nor astray.

صَاحِبُكُمْ (تمہارا ساتھی) کہہ کر نبی ﷺ کی صداقت کو واضح تر کیا گیا ہے کہ نبوت سے پہلے چالیس سال اس نے تمہارے ساتھ اور تمہارے درمیان گزارے ہیں، اس کے شب وروز کے تمام معمولات تمہارے سامنے ہیں، اس کا اخلاق و کردار تمہارا جانا پہچانا ہے۔ راست بازی اور امانت داری کے سوا تم نے اس کے کردار میں کبھی کچھ اور بھی دیکھا؟ اب چالیس سال کے بعد جو وہ نبوت کا دعوی کر رہا ہے تو ذرا سوچو، وہ کس طرح جھوٹ ہو سکتا ہے؟ چنانچہ واقعہ یہ کہ وہ نہ گمراہ ہوا ہے نہ غلط راستے پر ہے۔

وما ینطق عن الھوٰی، ان ھو الّا وحی یوحٰی۔

رسول وہی کہتا ہے جو اس پر وحی نازل ہوتی ہے۔

**Nor does he speak of his own whims. It is only a revelation sent down ˹to him˺. (53:3)**

معراج کا جامع الفاظ میں تذکرہ

لقد رأٰی من آیات ربہ الکبرٰی

بے شک اس نے اپنے رب کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں۔ (نجم۔18)

**Magnificent Signs of Allah**

**He certainly saw some of his Lord's greatest signs.(53:18)**

**The Prophet was taken to heaven to see some of Allah's magnificent signs.**

انّ ربّک واسع المغفرہ۔

تمہارا رب وسیع مغفرت والا ہے۔

**Surely your Lord is infinite in forgiveness. (53:32)**

ھو اعلم بکم۔۔۔واذ انتم اجنّۃ فی بطون امّھاتکم۔

اللہ تمہیں اس وقت سے جانتا ہے۔۔۔جب تم ابھی جنین تھے ماں کے پیٹ میں۔

**He knew well ...since you were ˹still˺ foetuses in the wombs of your mothers.**

فلا تزکّو انفسکم ھو اعلم بمن اتّقٰی۔

اپنے نیکوکار ہونے کا دعوٰی مت کرو۔اللہ بہتر جانتے ہیں کون واقعی متّقی ہے۔

**So do not ˹falsely˺ elevate yourselves. He knows best who is ˹truly˺ righteous.**

؎ اتنی نہ بڑھا پاکیٔ داماں کی حکایت

دامن کو ذرا دیکھ،ذرا بندِ قبا دیکھ،

لیس للانسان الّا ما سعٰی۔انسان کے لیئے وہی کچھ جسکی وہ کوشش کرتا ہے۔

**And that each person will only have what they endeavoured towards. (53:39)**

# سورۃ القمر

## Chapter- 54: The Moon

شقّ قمر کا معجزہ

قرآن آسان ہے

ولقد یسّرنا القرآن للذّکر،فھل من مدّکر۔

ہم نے قرآن کو پڑھنے / سمجھنے کیلیئے آسان بنایا،تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے۔

## Qur'an is Easy to Understand

**And We have certainly made the Quran easy to remember. So is there anyone who will be mindful?**

### قرآن آسان ہے

اس کے مطلب اور معانی کو سمجھنا، اس سے عبرت و نصیحت حاصل کرنا اور اسے زبانی یاد کرنا ہم نے آسان کر دیا، اسی طرح یہ دنیا کی واحد کتاب ہے، جو لفظ بہ لفظ یاد کر لی جاتی ہے ورنہ چھوٹی سی کتاب کو بھی اس طرح یاد کر لینا اور اسے یاد رکھنا نہایت مشکل ہے

### وقوع قیامت

# سورۃ الرحمٰن

# Chapter- 55: The Most Merciful

### عروس القرآن،

اَلرَّحْمٰنُ۔ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ۔ خَلَقَ الْاِنْسَانَ۔ عَلَّمَہُ الْبَیَانَ۔

نہایت ہی مہربان (خدا) نے اس قرآن کی تعلیم دی ہے۔ اسی نے انسان کو پیدا کیا اور اسے بولنا سکھایا۔

**The Most Compassionate, taught the Quran.**

فبایّ آلاء ربّکما تکذّبان۔ تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔

**Then which of your Lord's favours will you both deny?**

لا بشیءٍ من نعمک ربّنا ولا نکذب۔ ہم اپنے رب کی کسی نعمت کا انکار نہیں کرتے۔

اللہ رب العالمین کی دی ہوئی نہ جانے کتنی ایسی نعمتیں ہیں جن کو ہم بلا روک ٹوک استعمال کرتے ہیں اور بنا کسی خرچ کے وہ ہمارے لئے ہر لمحہ فیض کا سبب بنتی رہتی ہیں۔ کیا کبھی رک کر ایک لمحہ بھر کے لئے ہم نے اس پر غور کیا ہے؟

یہ پانی یہ سبزہ یہ ہوا یہ فضا میں لہلہاتے کھیت یہ پھل یہ میوہ جات یہ چاند ستارے یہ تمام کے تمام انسان کے لئے دی گئی وہ نعمتیں ہیں جن کو بنا کسی رکاوٹ کے حاصل کرتا ہے سب کچھ اسی کے لیے مسخر کر دیا گیا ہے۔

لیکن یہ بھی کہا کہ: قلیل ماتشکرون۔ تم لوگ کم ہی شکر ادا کرتے ہو۔

انسان کو ان تمام نعمتوں پر شکر ادا کرنا چاہیے اور اس کی قدر کرنی چاہیے۔ کیونکہ ہمارا رب جب تک مہلت عمل دیتا ہے تب تک یہ ہمارے پاس ہیں اور جب اس کی پکڑ کا وقت آجاتا ہے ان نعمتوں سے فیضیاب ہونے کا وقت اور مہلت بھی ختم ہو جاتی ہے تو پھر کچھ بھی کارگر ثابت نہیں ہوتا۔

کلّ من علیھا فان، ویبقٰی وجہ ربّک ذوالجلال والاکرام

ہر ایک نے فنا ہو جانا ہے صرف تیرے ربّ کی ذات ہمیشہ باقی رہے گی۔

احسان کا بدلہ احسان اور بھلائی کے سوا کچھ نہیں۔ وما الجزا الاحسان الّا الاحسان

تبٰرک اسم ربّک ذوالجلال والاکرام،

تمہارے رب کا نام بڑا بابرکت، بزرگی اور احترام والا ہے۔

نماز کے بعد مسنون دعا:

اللّھم انت السّلام ومنک السّلام تبارکت ربنا و تعالیت یا ذالجلال والاکرام۔

# سورۃ الواقعہ

# Chapter- 56: The Occurrence

## Meaning the Resurrection

### The Occurrence of Resurrection

الواقعہ:وقوع قیامت

موضوع۔آخرت، توحید، قرآن

فقر کو دور کرنے کا وظیفہ

حدیث:

شیّبتنی ھود والواقعہ۔۔۔مجھے ان سورتوں کی تلاوت نے بوڑھا کر دیا، ھود، الواقعہ، المرسلات، النّباء، تکویر۔

واقعہ۔قیامت کا نام،

اصحٰب الیمین، اصحٰب الشّمال،

سوالیہ انداز میں وجود باری تعالٰی پر دلائل:

پانی جسے تم پیتے ہو کیا تم نازل کرتے ہو یا ہم نازل کرتے ہیں؟

**Have you considered the water you drink?**

**Is it you who bring it down from the clouds, or is it We Who do so?**

قرآن:لایمسّہ الّا المطہّرون،

**Qur'an is touched by none except the purified ˹angels˺**

**Based on this verse, many scholars maintain that a Muslim should perform ablutions before reading the Quran.**

## تلاوت قرآن کے آداب

## Manners of Recitation

طہارت،

تعوّذ،

تسمیہ،

محبّت واحترام،

توجہ،

یکسوئی،

ترتیل ٹھرٹھر کر تجوید کے ساتھ،

تدبّر،

عمل کی نیّت،

اپنے رب سے ہمکلامی،

تلاوت کے بعد دعا قبول ہوتی ہے۔

آخری آیت: فسبّح باسم ربّک العظیم

حدیث: اجعلوھافی رکوعکم۔اس آیت کو رکوع میں پڑھو۔(سبحان ربّی العظیم)

# سورۃ الحدید

# Chapter- 57: The Iron

مسبّحات سیریز

پانچ سورتیں اللہ کی تسبیح (سبّح یا یسبّح) کے الفاظ سے شروع ہوتی ہیں۔

حدیث: سورہ حدید میں ایک آیت ہے جس کا اجر ہزار آیتوں کے برابر ہے۔

**The following Verse has a reward of one thousand verses.**

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ۔

وہی اول بھی ہے اور آخر بھی، ظاہر بھی ہے اور مخفی بھی، اور وہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔(حدید۔3)

**He is the First and the Last, the Most High and Most Near, and He has ˹perfect˺ knowledge of all things.**

قرض کی دعا:

اللّھم انت الاوّل فلیس قبلک شیئا وانت الآخر فلیس بعدک شیئ وانت الظّاہر فلیس فوقک شیئ و انت الباطن فلیس دونک شیئ، اقض عنّا الدّین واغننا من الفقر۔ (مسلم۔ احمد)

سورت کا موضوع:

انفاق فی سبیل اللہ:وانفقو ممّا جعلکم مستخلفین

اسلام میں ترک دنیا(رہبانیّت) جائز نہیں۔ورھبانیّۃن ابتدعوھا۔،

حدیث:لارہبانیّۃ فی الاسلام،

حدیث: میری امّت کی رہبانیّت اعتکاف ہے۔

# خلاصہ قرآن پر اپنی قیمتی تجاویز، آرا، اور تبصروں سے ضرور آگاہ فرمائیں

For Feedback, Comments and Suggestions Please Contact:
Mobile: +44 785 3099 327
Email: info@hafizsajjad.com

www.hafizsajjad.com